© rasailojaraid.com



# مفکر ملت مفتی عتیق الرحمان نمبر

اب تیزی کے ساتھ تکمیل کی منزلیں طے کر رہا ہے جن اہم اور ممتاز شخصیتوں کے رشحاتِ قلم کے بغیر یہ نمبر نامکمل اور تشنہ معلوم ہوتا تقریباً ان سبھی شخصیتوں کے مضامین موصول ہو چکے ہیں اور ان میں سے اکثر کتابت کے مرحلے سے بھی گزر چکے ہیں۔ اب اگلا مرحلہ طباعت کا ہے جو خیال ہے کہ اگلے مہینے تک کا وقت لے لے گی۔

کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر کے سلسلے میں ہماری گزشتہ تحریروں سے اس طرح کا تاثر بعض حلقوں میں پیدا ہوتا ہے گویا، اس نمبر کے لئے چندہ یا عطیات کی کوئی باقاعدہ مہم مطلوب تھی، اس تاثر کو ختم کرنے کے لئے وضاحت کے ساتھ اس بات کا اعلان ضروری ہے کہ نمبر کے لئے نہ تو عام چندہ مطلوب ہے، نہ ادارہ کی طرف سے اس کے لئے کسی شخص کو نمائندہ یا مجاز مقرر کیا گیا ہے، ہمارا مقصد گزشتہ تحریروں سے صرف اتنا تھا کہ نمبر کے کثیر اخراجات کے پیش نظر اگر اس کی قیمت کے ۵۰ روپیہ برہان کے خریدار اور سرپرست پیشگی ارسال کر دیں تو ہمیں اخراجات کے سلسلے میں کچھ سہولت حاصل ہو جائے گی۔ اس سے زیادہ نہ کوئی مقصد تھا، نہ ہی ادارہ کی طرف سے عام چندہ یا عطیات کی طلب کا کوئی فیصلہ کیا گیا تھا۔ ہمیں امید ہے کہ اتنی وضاحت ہر قسم کی غلط فہمی دور کرنے اور غلط تاثرات کے ازالہ کے لئے کافی ہوگی۔

جمیل مہدی
ایڈیٹر۔ برہان۔
اردو بازار دہلی

© rasailojaraid.com